Australian Government
Department of Health

# تمباکو کی سادہ پیکجنگ

## آپ کی رہنمائی– سپلیمنٹ

## سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دیگر مصنوعات



**ISBN 978-1-74186-147-1**

**ONLINE ISBN: 978-1-74186-148-8**

**کاپی رائٹ نوٹس**

اس اشاعت میں شامل مواد کے جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ *Copyright Act 1968* کے تحت مجاز استعمال کے علاوہ، اس اشاعت کا کوئی بھی حصہ کامن ویلتھ کی طرف سے پہلے سے دی گئی تحریری اجازت کے بغیر کسی بھی طریقے سے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

# ترک دعوی (DISCLAIMER)

**اس کتابچے میں سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی تمام ضروریات کی توضیع یا اندراج نہیں کیا گیا. ایسی ضروریات جو اس کتابچے میں درج نہیں کی گئیں یا اس میں دکھائی نہیں گئیں کسی بھی طرح سے ان ضروریات سے کم اہمیت یا ضرورت کی حامل نہیں ہیں جو اس کتابچے میں دکھائی گئی ہیں یا اس میں درج ہیں.**

یہ کتابچہ قانونی مشاورت فراہم نہیں کرتا اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ صرف عام رہنمائی کے طور پر مہیا کیا گیا ہے اور یہ تمام متعلقہ قوانین اور ریگولیشنز کی ضروریات کا احاطہ کرنے کے مقصد سے نہیں لکھا گیا، بلکہ یہ ایک جامع کتابچہ ہے۔ جگہ اور ڈیزائن کی مجبوریوں کی وجہ سے اس کتابچے میں دکھائی گئی تصاویر مکمل سائز میں نہیں ہیں اور ان کا مقصد تمباکو کے سپلائرز کو عام رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ لہٰذا کوئی بھی شخص جو اس کتابچے کو پڑھے اسے اپنا فیصلہ خود کرنا چاہئے اور متعلقہ پیشہ ورانہ مشاورت حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی تحقیقات خود کرنی چاہئیں۔

تمباکو کی مصنوعات تیار کرنے والوں، انہیں پیک کرنے والوں اور سپلائی کرنے والوں سمیت سب کو یہ یقینی بنانا چاہئے کہ وہ *Tobacco Plain Packaging Act 2011*، *Tobacco Plain Regulations Act 2011* اور *Competition and Consumer (Tobacco) Information Standard 2011* میں شامل تمام ضروریات کو سمجھ لیں۔

اس کتابچے میں شامل کوئی بھی چیز کسی بھی طریقے سے *Tobacco Plain Packaging Act 2011*، *Tobacco Plain Packaging Regulations 2011* یا *Competition and Consumer (Tobacco) Information Standard 2011* کے مندرجات کی جگہ نہیں لے سکتی۔

اس کتابچے میں ہر جگہ *Tobacco Plain Packaging Act 2011* کا حوالہ 'ایکٹ' کے طور پر دیا گیا ہے، *Tobacco Plain Packaging Regulations 2011* کا حوالہ 'ریگولیشنز' کے طور پر دیا گیا ہے اور *Competition and Consumer (Tobacco) Information Standard 2011* کا حوالہ 'سٹینڈرڈ' کے طور پر دیا گیا ہے۔

سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کی مکمل تفصیلات کے لئے قانون کا مسودہ دیکھیں۔

لنک مندرجہ ذیل ہیں:

### تمباکو کی سادہ پیکجنگ:

*Tobacco Plain Packaging Act 2011*
http://www.comlaw.gov.au/Details/C2013C00190

*Tobacco Plain Packaging Regulations 2011*
http://www.comlaw.gov.au/Details/F2013C00801

### تمباکو کے بارے میں صحت کی تنبیہات

*Competition and Consumer (Tobacco) Information Standard 2011*
http://www.comlaw.gov.au/Details/F2013C00598



یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

# مندرجات


ترک دعوی (DISCLAIMER) ........ 3

کتابچے کا مقصد ........ 5

آپ کی ذمہ داریوں کے بارے میں اہم معلومات ........ 5

کھلا تمباکو ........ 6

کھلے تمباکو کی تھیلی – پیچھے سے ........ 6

کھلے تمباکو کا ٹن (چھوٹا سلنڈر) – سامنے سے ........ 7

سگاروں کی لازمی شرائط ........ 8

سگار ........ 8

سگار ٹیوبیں ........ 9

سگار بیگ – سامنے سے ........ 10

سگار بیگ – پیچھے سے ........ 11

سگار کا ڈبہ – سامنے سے ........ 12

سگار کا ڈبہ – پیچھے سے ........ 13

شیشے/حقے کی تمباکو کی مصنوعات ........ 14

شیشے/حقے کا تمباکو فوائل میں – سامنے سے ........ 14

شیشے/حقے کا تمباکو فوائل میں – پیچھے سے ........ 15

شیشے/حقے کے تمباکو کا ڈبہ – سامنے سے ........ 16

شیشے/حقے کے تمباکو کا ڈبہ – پیچھے سے ........ 17

شیشے/حقے کے تمباکو کا ٹن (بڑا سلنڈر) – سامنے سے ........ 18

اہم نوٹس (NOTES) ........ 20

شیشے/حقے کے تمباکو کی مصنوعات کی پیکجنگ ........ 20

شیشے/حقے کے تمباکو کی دیگر مصنوعات کی پیکجنگ جو اس کتابچے میں نہیں دکھائی گئی ........ 20

سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دوسری مصنوعات کی خوردہ پیکجنگ پر چپکنے والے لیبلوں کا استعمال ........ 21

صحت کی تنبیہات کی گردش ........ 22

مزید معلومات ........ 23

## کتابچے کا مقصد

یہ کتابچہ سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دیگر مصنوعات کی سادہ پیکجنگ اور صحت کی تنبیہات کی اہم ضروری شرائط کو جاننے میں آپ کی مدد کرنے کے لئے ایک رہنمائی کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

یہ کتابچہ *'تمباکو کی سادہ پیکجنگ – آپ کی رہنمائی'* نامی کتابچے کا ضمنی حصہ ہے اور اور انہیں اکٹھے استعمال کیا جانا چاہئے۔ انہیں دوسرے مواد کے ساتھ بھی استعمال کیا جاسکتا ہے جیسے کہ سگار اور شیشے اور راب کے بارے میں *اکثر پوچھے جانے والے سوالات*۔
یہ تمام دستاویزات www.health.gov.au/tobaccopp پر دستیاب ہیں۔ اس ویب سائٹ پر موجود مواد کئی زبانوں میں دستیاب ہے۔

اس کتابچے میں شامل تصویری خاکے یہ نشاندہی کرتے ہیں کہ سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دیگر مختلف مصنوعات اور ان کی پیکیجنگ کی وضع قطع کے اعتبار سے سادہ پیکجنگ اور صحت کی تنبیہات کیسی نظر آتی ہیں ؛ تاہم، تمباکو کی کچھ مصنوعات کے لئے متبادل پیکجنگ بھی دستیاب ہوسکتی ہے۔

یہ کتابچہ آسٹریلوی حکومت کی طرف سے صرف رہنمائی کے طور پر مہیا کیا گیا ہے۔

### آپ کی ذمہ داریوں کے بارے میں اہم معلومات

1 دسمبر 2012، سے تمباکو کی **تمام** مصنوعات کوآسٹریلیا میں بیچنے، بیچنے کے لئے رکھنے یا کسی اور طرح سے سپلائی کرنے کے لئے ضروری ہے کہ یہ مصنوعات سادہ پیکجنگ میں ہوں اور ان پر صحت کی تازہ اور وسیع تنبیہات درج ہوں۔

آسٹریلیا میں بیچنے کی غرض سے تمباکو کی مصنوعات بنانے والوں\درآمد کرنے والوں\سپلائی کرنے والوں کو ایکٹ اور ریگولیشنز کی شرائط پر پورا اترنے والی خوردہ پیکجنگ کے انتظامات کرنے کی ضرورت ہے۔ آسٹریلیا میں درآمد کی جانے والی تمباکو کی مصنوعات جو شرائط پر پورا نہ اترنے والی پیکجنگ میں ہیں انہیں بیچنے، بیچنے کے لئے رکھنے یا کسی اور طرح سے سپلائی کرنے (بذریعہ ہول سیل یا خوردہ فروشی) سے پہلے شرائط پر پورا اترنے والی پیکجنگ میں پیک کرنے کی ضرورت ہوگی۔

تمباکو کی سادہ پیکجنگ کی شرائط آسٹریلیا میں تمباکو کی **کسی بھی** قسم کی سپلائی پر لاگو ہوتی ہیں – صرف خوردہ فروشی پر نہیں۔

تمباکو کی تمام مصنوعات کی پیکجنگ **خصوصی طور پر** بنائی جانی چاہئے تاکہ وہ تمباکو کی سادہ پیکجنگ کی شرائط پر پوری اترسکے۔ سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دوسری مصنوعات کی شرائط پر پورا نہ اترنے والی پیکجنگ کو مٹیالے گہرے بھورے رنگ کے چپکنے والے مواد سے چھپائے جانے ('overstickering') کی اجازت نہیں ہے۔ اگرچہ اوور سٹیکرنگ ('overstickering') کو تمباکو کی سادہ پیکجنگ کی شرائط پر پورا اترنے کے طریقے کے طور پر استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے، تاہم محدود صورتوں میں چپکنے والے لیبل یا فیتے استعمال کئے جاسکتے ہیں (سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دوسری مصنوعات کی پیکجنگ پر چپکنے والے لیبلوں کے استعمال کے بارے میں مزید معلومات کے لئے صفحہ 21 دیکھیں)۔

کوئی بھی شخص جو آسٹریلیا میں ایکٹ یا ریگولیشنز کی شرائط پر پورا نہ اترنے والی تمباکو کی مصنوعات خریدے، بیچنے کے لئے رکھے، بیچے یا کسی اور طرح سے سپلائی کرے اسے سخت مجرمانہ یا سول سزا کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ستمبر 2014 تک کے قوانین کے مطابق، ایکٹ کے تحت قصوروار مجرمانہ خلاف ورزی کی سزا کسی شخص کے لئے 2,000 پینلٹی یونٹس یا 340,000$ ہے جب کہ کسی کارپوریشن کے لئے یہ سزا 10,000 پینلٹی یونٹس یا 17 لاکھ ڈالر ہے۔

سٹینڈرڈ میں بتائی گئی صحت کی تنبیہات کی شرائط کی خلاف ورزی کی صورت میں کسی شخص کو علیحدہ سے 220,000$ تک کا جرمانہ ہوسکتا ہے، جبکہ کسی کارپوریشن کو 11 لاکھ ڈالر تک کا جرمانہ ہوسکتا ہے۔

مینوفیکچررز\درآمد کنندگان\سپلائرز کو اس بات کو بھی یقینی بنانا چاہئے کہ وہ آسٹریلیا میں بیچی جانے والی مصنوعات کی پیکجنگ کی دیگر قانونی شرائط سے بھی باخبر ہوں، جیسے کہ *the National Measurement Act 1960*، *the National Trade Measurement Regulations 2009*، *the Commerce (Trade Descriptions) Act 1905*، اور *the Commerce (Imports) Regulations 1940*۔


یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ ساده پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

## کھلا تمباکو

# کھلے تمباکو کی تھیلی – پیچھے سے

**’رولنگ‘ یا ’خود رول کیا جانے والا‘ تمباکو، پائپ تمباکو اور شیشے\حقے کا تمباکو۔**

**تنبیہی بیان، تصویری اور وضاحتی پیغام:**

- پچھلی سطح کے کم ازکم 75 حصے پرہوں
- پچھلی سطح کے اوپری اور سائیڈوں کے کناروں تک پھیلے ہوئے ہوں
- آپس میں جڑے ہوئے ہوں اور ان کے درمیان کوئی خلاء نہ ہو

**دوبارہ سیل بند (RE-SEAL) کرنے والی پٹی:**

- پینٹون (Pantone) 448C، یا کالی، یا شفاف اور بے رنگ ہو
- صحت کے انتباہ سمیت قانونی تقاضوں کو نہ ڈھانپے

**تھیلی کی وضع قطع اور سطحیں:**

- باہر کی سطح کا رنگ پینٹون (Pantone) 448C ہو (مٹیالا گہرا بھورا)
- اندر کی سطح سفید یا پیکجنگ کے مواد کے قدرتی رنگ کی ہو
- غیر چمکدار\مدہم ہو
- کوئی سجاوٹیں نہ ہوں

**معلوماتی پیغام:**

- کم از کم 80 ملی میٹر X 25 ملی میٹر ہو
- تھیلی بند کرنے والے حصے کی اندرونی سطح پر درمیان میں ہو، یا تھیلی بند کرنے والے حصے کے نیچے درمیان میں ہو اور اندرونی سیل بند تھیلی کے اوپری کنارے کے نزدیک ترین ہو
- پیلے پس منظر پر، کالے رنگ کا مخصوص رسم الخط، سائز اور capitalisation یعنی بڑے اور چھوٹے حروف اور موٹائی میں ہو




**دیگر نشانات:**

- تیار کنندہ کا نام، پتہ، جس ملک میں تیار کیا گیا، رابطہ کرنے کا فون نمبر، حروف اور ہندسوں پر مشتمل (alphanumeric) کوڈ
- Lucida Sans رسم الخط میں ہوں
- سائز میں 10 پوائنٹس سے بڑے نہ ہوں
- مخصوص رنگوں میں ہوں

**برانڈ اور قسم (VARIANT) کا نام:**

- زیادہ سے زیادہ منظور شدہ سائز سے بڑا نہ ہو، مخصوص capitalisation یعنی بڑے اور چھوٹے حروف میں ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو

**پیمائش کا نشان:**

- مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- پینٹون سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو

**نوٹ:**

تھیلیوں کو بند کرنے والے حصے کی اندرونی جانب، وہ سطح جہاں تمباکو نہیں چھوتا، بیرونی سطح کا حصہ جانی جاتی ہے اور اس کا رنگ پینٹون (Pantone) 448C (مٹیالا گہرا بھورا) **ہونا چاہئے۔**

**نوٹ:**

پیکجنگ پر مندرجہ ذیل کو دکھانے کے لئے چپکنے والے لیبل استعمال کئے جاسکتے ہیں:

- برانڈ اور ان کی اقسام (Variant) کے نام
- صحت کے تصویری انتباہ

چپکنے والے لیبلوں کی ضروری شرائط کی تفصیلات کے لئے صفحہ 21 دیکھیں۔

یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

# کھلے تمباکو کا ٹن (چھوٹا سلنڈر) – سامنے سے

**’رولنگ‘ یا ’خود رول کیا جانے والا‘ تمباکو، پائپ تمباکو اور شیشے\حقے کا تمباکو۔**

**پیمائش کا نشان:**

- رسم الخط کے مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو

**انتباہی بیان اور تصویر:**

- سامنے کی سطح کے کم از کم 60٪ حصے پر مستطیلی
- خاکے (جیسا کہ دکھایا گیا ہے) میں ہوں
- آپس میں جڑے ہوئے ہوں اور ان کے درمیان کوئی خلاء نہ ہو
- سٹینڈرڈ کے مطابق گردش میں ہو – صفحہ 22 دیکھیں




**برانڈ اور قسم (VARIANT) کا نام:**

- صحت کی تنبیہہ کے رخ پر اور اس سے اوپر نہ ہو
- زیادہ سے زیادہ منظور شدہ سائز سے بڑا نہ ہو، مخصوص capitalisation یعنی بڑے اور چھوٹے حروف میں ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو

**ٹن کی وضع قطع اور سطحیں:**

- باہر کی سطح کا رنگ پینٹون (Pantone) 448C (مٹیالا گہرا بھورا) ہو
- اندر کی سطح سفید یا پیکجنگ کے مواد کے قدرتی رنگ کی ہو
- غیر چمکدار\مدہم ہو
- کوئی سجاوٹیں نہ ہوں

**دیگر نشانات:**

- تیار کنندہ کا نام، پتہ، جس ملک میں تیار کیا گیا، رابطہ کرنے کا فون نمبر، حروف اور ہندسوں پر مشتمل (alphanumeric) کوڈ
- نشانات اپنی تعداد، رنگ، رسم الخط، سائز اور مقام کے حوالے معیار پر پورا اترتے ہوں

**نوٹ:**

مربعی یا مستطیل کنٹینر میں کھلے تمباکو اور\یا شیشے\حقے کے تمباکوکے لئے صحت کی تنبیہہ کے سائز اور خاکے کی شرائط ان شرائط سے مختلف ہیں جو کہ 41 ملی میٹر سے بڑی سلنڈر نما پیکجنگ کے لئے ہیں۔ ایک بڑے سلنڈر کی مثال کے لئے صفحہ 18 دیکھیں۔

اس طرح کے کنٹینرز کے لئے صحت کی تنبیہہ کی شرائط کے بارے میں مزید معلومات کا ذکر سٹینڈرڈ میں کیا گیا ہے۔

**نوٹ:**

پیکجنگ پر مندرجہ ذیل کو دکھانے کے لئے چپکنے والے لیبل استعمال کئے جاسکتے ہیں:

- برانڈ اور ان کی اقسام (Variant) کے نام
- صحت کے تصویری انتباہ

چپکنے والے لیبلوں کی ضروری شرائط کی تفصیلات کے لئے صفحہ 21 دیکھیں۔


یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ ساده پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

# سگاروں کی شرائط

## سگار

**نوٹ:**

شرائط پر پورا نہ اترنے والے (برانڈڈ) سگار کے فیتے (band(s)) **ہٹانے ہونگے** یا انہیں **ایک** ایسے چپکدار فیتے سے **ڈھانپنا** ہوگا جو شرائط پر پورا اترتا ہو۔

اگر سگار کے سادہ پیکجنگ کے فیتے نے ایسے فیتے\فیتوں کو ڈھانپا ہوا ہو جو سادہ پیکجنگ کے معیار پر پورا نہ اترتے ہوں تو:

- اس فیتے نے **لازمی طور پر** سادہ پیکجنگ کے معیار پر پورا نہ اترنے والے فیتے\فیتوں کو **مکمل طور پر** ڈھانپا ہوا ہو، اور
- یہ فیتہ **لازما** سادہ پیکجنگ کے معیار پر پورا نہ اترنے والے فیتے\فیتوں کے ساتھ مضبوطی سے باندھا گیا ہو، اور ان سے آسانی سے الگ نہ کیا جا سکتا ہو۔

**نوٹ:**

ہاتھ سے لکھے گئے لیبل استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**اجازت شدہ نشانات:**

- برانڈ اور قسم (Variant) کا نام، جس ملک میں تیار کیا گیا، حروف اور ہندسوں پر مشتمل (alphanumeric) کوڈ، اور مخفی نشانات
- نشانات اپنی تعداد، رنگ، رسم الخط، سائز اور مقام کے حوالے معیار پر پورا اترتے ہوں

**سگار کا فیتہ:**

- سگار پر ایک فیتہ ہوسکتا ہے
- اس کا رنگ پینٹون (Pantone) 448C (مٹیالا گہرا بھورا) ہو




**غلاف کو کھولنے کے لئے اس پر موجود پٹی**

- یا تو مکمل طور پر کالی ہو، یا مکمل طور پر شفاف اور بے رنگ ہو
- سگار کے گرد ایک مستقل سیدھی لائن کی شکل میں ہو جس کی چوڑائی 3 ملی میٹر سے زیادہ نہ ہو
- شفاف پٹی پر یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ پٹی کہاں سے شروع ہوتی ہے ایک گہری کالی لائن ہوسکتی ہے جو کہ 15 ملی میٹر سے زیادہ لمبی نہ ہو

**غلاف:**

- شفاف ہو
- رنگدار نہ ہو، اس پر نشان نہ ہوں، ٹیکسچرنہ ہو یا کسی طرح کی سجاوٹ نہ ہو
- ریگولیشنز کے تحت اجازت شدہ نشانات کے علاوہ کسی اور طرح کے نشانات یا ٹریڈ مارک نہ ہو

**نوٹ:**

اکیلے فروخت ہونے والے سگار بیچنے، بیچنے کے لئے رکھنے یا کسی اور طرح سے سپلائی کرنے **سے پہلے لازمی طور پر شرائط پر پورا اترنے والی پیکجنگ میں پیک ہونے چاہئیں۔**

- سگار کو پیکجنگ کے بغیر یا سادہ پیکجنگ (شرائط پر پورا اترنے والے فیتے سمیت) *دیکھا* جاسکتا ہے۔
- تاہم *فروخت کرنے سے پہلے* سگار کو **شرائط پر پورا اترنے والی** ایسی پیکجنگ میں پیک ہونا چاہئے جس پر صحت کی تنبیہہ درج ہو۔
  – سگار پر ریٹیل پیکجنگ کی کم از کم ایک تہہ **لازمی** ہونی چاہئے جو کہ پلاسٹک یا کسی اور طرح کے غلاف کی نہ ہو۔
  – سگار کو شرائط پر پورا اترنے والے سگار بیگ، سگار ٹیوب یا دیگر پیکجنگ میں بھی پیک کیا جاسکتا ہے جو ایکٹ، ریگولیشنز اور سٹینڈرڈ پر پورا اترتی ہو۔

سگار اور\یا سگار ٹیوبوں کو شرائط پر پورا اترنے والے سادہ سگار بیگز یا دیگر پیکینگ میں رکھ کر سپلائی کرنے کی اجازت نہیں ہے۔


یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ ساده پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

نوٹ:
شفاف\واضح پلاسٹک کی ٹیوبیں اور ننگی دھاتی ٹیوبیں استعمال **نہیں** کی جاسکتیں

# سگار ٹیوبیں


**صحت کی تنبیہہ:**
- سگار سے متعلقہ صحت کی پانچ تنبیہات میں سے ایک ہونی چاہئے
- پوری لمبائی کے کم از کم 95٪ حصے پر ہو
- گولائی کے کم از کم 60٪ حصے پر پھیلی ہوئی ہو
- جب ٹیوب کھولی جائے تو یہ تنبیہہ ٹوٹ سکتی ہے




**ٹیوب کی وضع قطع:**
- سلنڈر نما اور سخت\غیرلچکدار ہو
- اس کی ایک یا دونوں اطراف کونے دار یا گول ہوں
- کوئی سجاوٹیں نہ ہوں

**ٹیوب کی سطحیں:**
- باہر کی سطح کا رنگ پینٹون (Pantone) 448C (مٹیالا گہرا بھورا) ہو
- اندر کی سطح سفید یا پیکجنگ کے مواد کے قدرتی رنگ کی ہو
- غیر چمکدار\مدہم ہو

**سگار ٹیوب کا دہانہ**
- قطر میں 15 ملی میٹر سے کم نہ ہو




**دیگر نشانات:**
- برانڈ اور قسم (Variant) کا نام، تیار کنندہ کا نام، پتہ، جس ملک میں تیار کیا گیا، رابطہ کرنے کا فون نمبر، حروف اور ہندسوں پر مشتمل (alphanumeric) کوڈ، بار کوڈ
- نشانات اپنی تعداد، رنگ، رسم الخط، سائز اور مقام کے حوالے معیار پر پورا اترتے ہوں

**پیمائش کا نشان:**
- رسم الخط کے مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو

**نوٹ: صحت کی تنبیہات کی گردش**

اگر کوئی خوردہ فروش\شخص سگار\سگاروں کو خوردہ پیکجنگ میں ڈالتا ہے یا انہیں شرائط پر پورا اترنے والی پیکجنگ میں دوبارہ پیک کرتا ہے تو اس خوردہ فروش\شخص کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ سگار اس پیکجنگ میں پیک کیا گیا ہے جس پر صحت کی درست تنبیہہ درج ہے اور اس بات کو بھی یقینی بنائے کہ گردشی شرائط پوری ہوتی ہیں۔

ان شرائط کے بارے میں مزید معلومات صفحہ 22 پر درج ہیں۔

**نوٹ:**

پیکجنگ پر مندرجہ ذیل کو دکھانے کے لئے چپکنے والے لیبل استعمال کئے جاسکتے ہیں:
- برانڈ اور ان کی اقسام (Variant) کے نام
- صحت کے انتباہ


چپکنے والے لیبلوں کی ضروری شرائط کی تفصیلات کے لئے صفحہ 21 دیکھیں۔

ہاتھ سے لکھے گئے لیبل استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

# سگار بیگ ۔ سامنے سے

**گاہکوں کو سگاروں کی فراہمی میں استعمال کرنے کے لئے، جیسے کہ دوبارہ سیل کئے جانے والے\دبا کر سیل کئے جانے والے بیگ۔**




**کم سے کم سائز کی شرائط:**

- پیکجنگ کی سب سے لمبی سائیڈ کم از کم 85 ملی میٹر ہو
- اس سے چھوٹی سائیڈ کم از کم 55 ملی میٹر ہو

**تنبیہی بیان اور تصویر:**

- سگار سے متعلقہ صحت کی پانچ تنبیہات میں سے ایک ہونی چاہئے
- سامنے کی سطح کے کم از کم ٪75 حصے پر ہوں
- سامنے کی سطح کے اوپری اور سائیڈوں کے کناروں تک پھیلی ہوئی ہوں
- آپس میں جڑی ہوئی ہوں اور ان کے درمیان کوئی خلاء نہ ہو
- Helvetica رسم الخط میں ہوں

**'QUITLINE' لوگو:**

- سگار کے بیگ کے سامنے کے حصے پر تصویر کے حصے کے طور پر نظر آتا ہو
- کچھ حد تک شفاف ہو تاکہ اس کے نیچے موجود تصویر نظر آسکے

**برانڈ اور قسم (VARIANT) کا نام:**

- زیادہ سے زیادہ منظور شدہ سائز سے بڑا نہ ہو، مخصوص capitalisation یعنی بڑے اور چھوٹے حروف پر مشتمل ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- سامنے اور پیچھے کی بیرونی سطحوں پر صرف ایک مرتبہ لکھا ہوا ہو

**پیمائش کا نشان:**

- رسم الخط کے مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- Lucida Sans فونٹ میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- دو سے زیادہ سطحوں پر نہ ہ

**بیگ کی وضع قطع اور سطحیں:**

- باہر کی سطح کا رنگ پینٹون (Pantone) 448C (مٹیالا گہرا بھورا) ہو
- اندر کی سطح سفید یا پیکجنگ کے مواد کے قدرتی رنگ کی ہو
- غیر چمکدار\مدہم ہو
- کوئ سجاوٹیں نہ ہوں

**نوٹ:**

پیکجنگ پر مندرجہ ذیل کو دکھانے کے لئے چپکنے والے لیبل استعمال کئے جاسکتے ہیں:

- برانڈ اور ان کی اقسام (Variant) کے نام
- صحت کے تصویری انتباہ

چپکنے والے لیبلوں کی ضروری شرائط کی تفصیلات کے لئے صفحہ 21 دیکھیں۔

ہاتھ سے لکھے گئے لیبل استعمال کرنے کی اجازت **نہیں۔** ہے۔

یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

# سگار بیگ – پیچھے سے




**انتباہی بیان اور وضاحتی پیغام:**

- سگار سے متعلقہ صحت کی پانچ تنبیہات میں سے ایک ہونی چاہئے
- پیچھے کی سطح کے کم از کم 75٪ حصے پر ہوں
- پیچھے کی سطح کے اوپری اور سائیڈوں کے کناروں تک پھیلے ہوئے ہوں
- آپس میں جڑے ہوئے ہوں اور ان کے درمیان کوئی خلاء نہ ہو
- Helvetica رسم الخط میں ہوں
- انتباہی بیان بیگ کے سامنے والا انتباہی بیان ہی ہو

**برانڈ اور قسم (VARIANT) کا نام:**

- زیادہ سے زیادہ منظور شدہ سائز سے بڑا نہ ہو، capitalisation یعنی مخصوص بڑے اور چھوٹے حروف میں ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- سامنے اور پیچھے کی بیرونی سطحوں پر صرف ایک دفعہ لکھا ہو

**پیمائش کا نشان:**

- رسم الخط کے مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- Lucida Sans فونٹ میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- دو سے زیادہ سطحوں پر نہ ہو

**بارکوڈ:**

- مستطیل ہو
- کالا اور سفید ہو، یا پینٹون 448C اور سفید ہو
- صرف ایک دفعہ چھپا ہو

**دیگر نشانات:**

- تیار کنندہ کا نام، پتہ، جس ملک میں تیار کیا گیا، رابطہ کرنے کا فون نمبر، حروف اور ہندسوں پر مشتمل (alphanumeric) کوڈ
- Lucida Sans رسم الخط میں ہوں
- سائز میں 10 پوائنٹ سے بڑے نہ ہوں
- مخصوص رنگوں میں ہوں
- صرف ایک دفعہ لکھے ہوں

**نوٹ: صحت کی تنبیہات کی گردش**

اگر کوئی خوردہ فروش\شخص سگار\سگاروں کو خوردہ پیکجنگ میں ڈالتا ہے یا انہیں شرائط پر پورا اترنے والی پیکجنگ میں دوبارہ پیک کرتا ہے تو اس خوردہ فروش\شخص کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ سگار اس پیکجنگ میں پیک کیا گیا ہے جس پر صحت کی درست تنبیہ درج ہے اور اس بات کو بھی یقینی بنائے کہ گردشی شرائط پوری ہوتی ہیں۔

ان شرائط کے بارے میں مزید معلومات صفحہ 22 پر درج ہیں۔



یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

# سگار کا ڈبہ – سامنے سے

**برانڈ اور قسم (VARIANT) کا نام:**

- صحت کی تنبیہ کے رخ پر ہو
- زیادہ سے زیادہ منظور شدہ سائز سے بڑا نہ ہو، مخصوص capitalisation یعنی بڑے اور چھوٹے حروف میں ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو

**ڈبے کی وضع قطع اور سطحیں (قبضے اوربکسونے سمیت):**

- باہر کی سطح کا رنگ پینٹون (Pantone) 448C (مٹیالا گہرا بھورا) ہو
- اندر کی سطح سفید یا پیکجنگ کے مواد کے قدرتی رنگ کی ہو
- غیر چمکدار\مدہم ہو
- کوئی سجاوٹیں نہ ہوں

**دیگر نشانات:**

- تیار کنندہ کا نام، پتہ، جس ملک میں تیار کیا گیا، رابطہ کرنے کا فون نمبر، حروف اور ہندسوں پر مشتمل (alphanumeric) کوڈ اور بار کوڈ
- نشانات اپنی تعداد، رنگ، رسم الخط، سائز اور مقام کے حوالے سے معیار پر پورا اترتے ہوں




**پیمائش کا نشان:**

- رسم الخط کے مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو

**تصویر اور تنبیہی بیان:**

- سگار سے متعلقہ صحت کی پانچ تنبیہات میں سے ایک ہونی چاہئے
- سامنے کی سطح کے کم از کم 75٪ حصے پر ہوں
  – ماسوائے بڑے سگار پیکج کے، جس کی سامنے کی سطح کا رقبہ $250cm^2$ یا اس سے زیادہ ہو۔ ایسا ہونے کی صورت میں صحت کی تنبیہ کم از کم $188cm^2$ رقبے پر ہونے چاہئے

سگار کے ڈبے، ٹن یا بیگ تمباکو کی سادہ پیکجنگ کی شرائط پر پورا اترنے کے لئے **خصوصی طور** پر بنائے جانے چاہئیں۔

ڈبوں یا ٹن کو 'مٹیالے گہرے بھورے' کاغذ یا چپکنے والے لیبلوں سے کوّر کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**نوٹ:**

پیکجنگ پر مندرجہ ذیل کو دکھانے کے لئے چپکنے والے لیبل استعمال کئے جاسکتے ہیں:

- برانڈ اور ان کی اقسام (Variant) کے نام
- صحت کے تصویری انتباہ

چپکنے والے لیبلوں کی ضروری شرائط کی تفصیلات کے لئے صفحہ 21 پر دیکھیں۔

ہاتھ سے لکھے گئے لیبل استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**نوٹ: صحت کی تنبیہات کی گردش**

اگر کوئی خودہ فروش\شخص سگار\سگاروں کو خوردہ پیکجنگ میں ڈالتا ہے یا انہیں شرائط پر پورا اترنے والی پیکجنگ میں دوبارہ پیک کرتا ہے تو اس خوردہ فروش\شخص کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ سگار اس پیکجنگ میں پیک کیا گیا ہے جس پر صحت کی درست تنبیہ درج ہے اور اس بات کو بھی یقینی بنائے کہ گردشی شرائط پوری ہوتی ہیں۔

ان شرائط کے بارے میں مزید معلومات صفحہ 22 پر درج ہیں۔

یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

## سگار ٹن (مربعی شکل میں) – سامنے سے

سگار کے ڈبے، ٹن یا بیگ تمباکو کی سادہ پیکجنگ کی شرائط پر پورا اترنے کے لئے **خصوصی طور پر** بنائے جانے چاہئیں۔

ڈبوں یا ٹن کو 'مٹیالے گہرے بھورے' کاغذ یا چپکنے والے لیبلوں سے کوّر کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**ٹن کی وضع قطع اور سطحیں (قبضے اور کھپچی سمیت):**

- باہر کی سطح کا رنگ پینٹون (Pantone) 448C (مٹیالا گہرا بھورا) ہو
- اندر کی سطح سفید یا پیکجنگ کے مواد کے قدرتی رنگ کی ہو
- غیر چمکدار\مدہم ہو
- کوئی سجاوٹیں نہ ہوں




**تصویر اور تنبیہی بیان:**

- سگار سے متعلقہ صحت کی پانچ تنبیہات میں سے ایک ہونی چاہئے
- سامنے کی سطح کے کم از کم 75٪ حصے پر ہوں

**برانڈ اور قسم (VARIANT) کا نام:**

- صحت کی تنبیہ کے رخ پر ہوں
- زیادہ سے زیادہ منظور شدہ سائز سے بڑے نہ ہوں، مخصوص capitalisation یعنی بڑے اور چھوٹے حروف میں ہوں
- Lucida Sans رسم الخط میں ہوں
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہوں

**پیمائش کا نشان:**

- رسم الخط کے مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو

**دیگر نشانات: (اس تصویر میں نہیں دکھائے گئے)**

- تیار کنندہ کا نام، پتہ، جس ملک میں تیار کیا گیا، رابطہ کرنے کا فون نمبر، حروف اور ہندسوں پر مشتمل (alphanumeric) کوڈ، بار کوڈ
- نشانات اپنی تعداد، رنگ، رسم الخط، سائز اور مقام کے حوالے معیار پر پورا اترتے ہوں

**نوٹ:**

پیکجنگ پر مندرجہ ذیل کو دکھانے کے لئے چپکنے والے لیبل استعمال کئے جاسکتے ہیں:

- برانڈ اور ان کی اقسام (Variant) کے نام
- صحت کے تصویری انتباہ

چپکنے والے لیبلوں کی ضروری شرائط کی تفصیلات کے لئے صفحہ 21 دیکھیں۔

ہاتھ سے لکھے گئے لیبل استعمال کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**نوٹ: صحت کی تنبیہات کی گردش**

اگر کوئی خوردہ فروش\شخص سگار\سگاروں کو خوردہ پیکجنگ میں ڈالتا ہے یا انہیں شرائط پر پورا اترنے والی پیکجنگ میں دوبارہ پیک کرتا ہے تو اس خوردہ فروش\شخص کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ سگار اس پیکجنگ میں پیک کیا گیا ہے جس پر صحت کی درست تنبیہ درج ہے اور اس بات کو بھی یقینی بنائے کہ گردشی شرائط پوری ہوتی ہیں۔

ان شرائط کے بارے میں مزید معلومات صفحہ 22 پر درج ہیں۔

یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

## شیشے\حقے کے لئے تمباکو کی مصنوعات

**شیشے\حقے کے تمباکو میں راب، پھل اور جڑی بوٹیوں والی تمباکو کی مصنوعات شامل ہیں۔ اگرچہ اس طرح کی مصنوعات کو عام طور پر شیشہ کہا جاتا ہے تاہم انہیں دوسرے ناموں سے بھی بیان کیا جاتا ہےجن میں حقہ، پانی کے پائپ والا حقہ، ماصل (maasal)، مؤاصل (mu'assel)، ٹومبک (tumbak)، ٹونبک (tunbak) اور اجامی (ajami) وغیرہ شامل ہیں۔**

## فوائل (چمکیلی پنی) میں شیشے\حقے کا تمباکو – سامنے سے

*مندرجہ ذیل تصویریں شیشے\حقے کے تمباکو کی مصنوعات کی سادہ پیکجنگ کی ممکنہ صورتیں ظاہر کرتی ہیں۔ تاہم، شیشے\حقے کے تمباکو کی مصنوعات کی پیکجنگ کی دوسری صورتیں بھی ہو سکتی ہیں، جیسے کہ بیگ، بڑے ڈبے اور مربعی یا بیضوی ٹن یا ٹب۔*

**تصویر اور تنبیہی بیان:**

- سامنے کی سطح کے کم از کم 75٪ حصے پر ہوں
- اوپری اور سائیڈوں کے کناروں تک پھیلے ہوئے ہوں
- آپس میں جڑے ہوئے ہوں اور ان کے درمیان کوئی خلاء نہ ہو
- Helvetica رسم الخط میں ہوں
- تصویر واضح ہوں
- سٹینڈرڈ کے مطابق گردش میں ہوں – صفحہ 22 دیکھیں

**نوٹ:**

ایسی مصنوعات جن میں **کس بھی طرح کا** تمباکو ہو انہیں بیچنے کے لئے رکھنے، بیچنے یا کسی اور طرح سے سپلائی کرنے کے لئے **لازمی طور پر** سادہ پیکجنگ میں ہونا چاہئے اور ان پر صحت کی تنبیہات ظاہر ہونی چاہئیں۔

**کم سے کم سائز کی شرائط:**

- پیکجنگ کی سب سے لمبی سائیڈ کم از کم 85 ملی میٹر ہو
- اس سے چھوٹی سائیڈ کم از کم 55 ملی میٹر ہو




**فوائل کی سطحیں:**

- باہر کی سطح کا رنگ پینٹون (Pantone) 448C ہو (مٹیالا گہرا بھورا)
- اندر کی سطح سفید یا پیکجنگ کے مواد کے قدرتی رنگ کی ہو
- غیر چمکدار\مدہم ہو
- کوئی سجاوٹیں نہ ہوں

**برانڈ اور قسم (VARIANT) کا نام:**

- زیادہ سے زیادہ منظور شدہ سائز سے بڑا نہ ہو، مخصوص capitalistaion یعنی بڑے اور چھوٹے حروف پر مشتمل ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- سامنے اور پیچھے کی بیرونی سطحوں پر ایک ہی سمت میں صرف ایک ہی دفعہ لکھا ہو، اور صحت کی تنبیہات سے اوپر نہ ہو۔

**پیمائش کا نشان:**

- مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- Lucida Sans فونٹ میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- دو سے زیادہ سطحوں پر نہ ہو

**نوٹ:**

شرائط پر پورا اترنے والی فوائل پیکجنگ کو شرائط پر پورا اترنے والے کنٹینر، جیسے کہ ڈبے، بیگ یا ٹن میں رکھا جاسکتا ہے۔

- سگار بیگ استعمال نہیں کئے جاسکتے کیونکہ ان بیگز کے لئے مطلوبہ انتباہی پیغام خصوصی طور پر سگاروں سے متعلق ہے۔
- خوردہ فروشی کے لئے صحت کے انتباہ کا پیغام فوائل پیکج اور کنٹینر دونوں پر ہونا **چاہئے۔**
- پیکجنگ کی ہر تہہ کا شرائط پر پورا اترنا **ضروری** ہے۔

# فوائل (چمکیلی پنی) میں شیشے\حقے کا تمباکو – پیچھے سے


**نوٹ:**

خوردہ فروشی کی پیکجنگ کی **تمام تہیں** سادہ ہونی **چاہئیں** اور ان پر صحت کی تنبیہات درج ہونی **چاہئیں**۔

- خوردہ فروشی کی پیکجنگ **خصوصی طور پر** بنائی جانی **چاہئے** تاکہ سادہ پیکجنگ کی شرائط پر پورا اتر سکے۔
- اگر تمباکو کی مصنوعات شرائط پر پورا اترنے والی پیکجنگ میں پہلے سے ہی پیک نہ ہوں تو ان کو نکال کر ایسی پیکجنگ میں پیک کیا جانا ہوگا جو شرائط پر پورا اترتی ہو۔

**انتباہی بیان اور وضاحتی پیغام:**

- پیچھے کی سطح کے کم از کم 75٪ حصے پر ہو
- اوپری اور سائیڈوں کے کناروں تک پھیلا ہوا ہو
- آپس میں جڑے ہوئے ہوں اور ان کے درمیان کوئی خلاء نہ ہو
- Helvetica رسم الخط میں ہوں
- فوائل کے سامنے کے انتباہی بیان جیسا ہی ہو




**پیمائش کا نشان:**

- مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- Lucida Sans فونٹ میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- دو سے زیادہ سطحوں پر نہ ہو

**برانڈ اور قسم (VARIANT) کا نام:**

- زیادہ سے زیادہ منظور شدہ سائز سے بڑا نہ ہو، مخصوص capitalisation یعنی بڑے اور چھوٹے حروف میں ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو

**دیگر نشانات:**

- تیار کنندہ کا نام، پتہ، جس ملک میں تیار کیا گیا، رابطہ کرنے کا فون نمبر، حروف اور ہندسوں پر مشتمل کوڈ (alphanumeric)
- Lucida Sans رسم الخط میں ہوں
- سائز میں 10 پوائنٹس سے بڑے نہ ہوں
- مخصوص رنگوں میں ہوں
- صرف ایک دفعہ ہو

**بارکوڈ:**

- مستطیل ہو
- کالا اور سفید ہو، یا پینٹون 448C اور سفید ہو
- صرف ایک دفعہ چھپا ہو

**نوٹ:**

پیکجنگ پر مندرجہ ذیل کو دکھانے کے لئے چپکنے والے لیبل استعمال کئے جاسکتے ہیں:

- برانڈ اور ان کی اقسام (Variant) کے نام
- صحت کے تصویری انتباہ

چپکنے والے لیبلوں کی ضروری شرائط کی تفصیلات کے لئے صفحہ 21 دیکھیں۔

ہاتھ سے لکھے گئے لیبلوں کی اجازت **نہیں** ہے۔



یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

# شیشے\حقے کے تمباکو کا ڈبہ – سامنے سے

***مندرجہ ذیل تصویریں شیشے\حقے کے تمباکو کی مصنوعات کی سادہ پیکجنگ کی ممکنہ صورتیں ظاہر کرتی ہیں۔ تاہم، شیشے\حقے کے تمباکو کی مصنوعات کی پیکجنگ کی دوسری صورتیں بھی ہو سکتی ہیں، جیسے کہ بیگ، بڑے ڈبے اور مربعی یا بیضوی ٹن یا ٹب۔***

**تصویر اور تنبیہی بیان:**

- سامنے کی سطح کے کم از کم 75٪ حصے پر ہوں
- اوپری اور سائیڈوں کے کناروں تک پھیلے ہوئے ہوں
- آپس میں جڑے ہوئے ہوں اور ان کے درمیان کوئی خلاء نہ ہو
- Helvetica رسم الخط میں ہوں
- سٹینڈرڈ کے مطابق گردش میں ہوں – صفحہ 22 دیکھیں

**معلوماتی پیغام:**

- جہاں ضرورت ہو، مخصوص کی گئی سطح کے کم از کم 50٪ حصے پر ہو
- پیلے پس منظر پر کالی لکھائی ہو
- لکھائی ایسی ہو جو آسانی سے پڑھی جاسکے اور مخصوص سائز، capitalisation یعنی بڑے اور چھوٹے حروف اور موٹائی میں ہو۔
- ڈبے کے سامنے کے انتباہی بیان جیسا ہی ہو

**ڈبے کی وضع قطع اور سطحیں:**

- باہر کی سطح کا رنگ پینٹون (Pantone) 448C (مٹیالا گہرا بھورا) ہو
- اندر کی سطح سفید یا پیکجنگ کے مواد کے قدرتی رنگ کی ہو
- غیر چمکدار\مدہم ہو
- کوئ سجاوٹیں نہ ہوں




**پیمائش کا نشان:**

- رسم الخط کے مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- Lucida Sans فونٹ میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- دو سے زیادہ سطحوں پر نہ ہو

**برانڈ اور قسم (VARIANT) کا نام:**

- زیادہ سے زیادہ منظور شدہ سائز سے بڑا نہ ہو، مخصوص capitalisation یعنی بڑے اور چھوٹے حروف پر مشتمل ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- سامنے اور پیچھے کی بیرونی سطحوں پر ایک ہی سمت میں صرف ایک ہی دفعہ لکھا ہو، اور صحت کی تنبیہات سے اوپر نہ ہو۔

**نوٹ:**

خوردہ فروشی کی پیکجنگ کی تمام تہیں سادہ ہونی **چاہئیں** اور ان پر صحت کی تنبیہات درج ہونی چاہئیں۔

- خوردہ فروشی کی پیکجنگ خصوصی طور پر بنائی جانی چاہئے تاکہ سادہ پیکجنگ کی شرائط پر پوری اتر سکے۔
- اگر تمباکو کی مصنوعات شرائط پر پورا اترنے والی پیکجنگ میں پہلے سے ہی پیک نہ ہوں تو ان کو نکال کر ایسی پیکجنگ میں پیک کیا جانا **ہوگا** جو شرائط پر پورا اترتی ہو۔


# شیشے\حقے کے تمباکو کا ڈبہ – پیچھے سے

**انتباہی بیان اور وضاحتی پیغام:**

- پیچھے کی سطح کے کم از کم 75٪ حصے پر ہوں
- اوپری اور سائیڈوں کے کناروں تک پھیلی ہوئی ہوں
- آپس میں جڑی ہوئی ہوں اور ان کے درمیان کوئی خلاء نہ ہو
- Helvetica رسم الخط میں ہوں
- انتباہی بیان ڈبے کے سامنے والا انتباہی بیان ہی ہو

**کم سے کم سائز کی شرائط:**

- پیکجنگ کی سب سے لمبی سائیڈ کم از کم 85 ملی میٹر ہو
- اس سے چھوٹی سائیڈ کم از کم 55 ملی میٹر ہو




**پیمائش کا نشان:**

- مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- Lucida Sans فونٹ میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- دو سے زیادہ سطحوں پر نہ ہو

**بارکوڈ:**

- مستطیل ہو
- کالا اور سفید ہو، یا پینٹون 448C اور سفید ہو
- صرف ایک دفعہ چھپا ہو

**دیگر نشانات:**

- تیار کنندہ کا نام، پتہ، جس ملک میں تیار کیا گیا، رابطہ کرنے کا فون نمبر، حروف اور ہندسوں پر مشتمل کوڈ (alphanumeric)
- Lucida Sans رسم الخط میں ہوں
- سائز میں 10 پوائنٹس سے بڑے نہ ہوں
- مخصوص رنگوں میں ہوں
- صرف ایک دفعہ ہو

**برانڈ اور قسم (VARIANT) کا نام:**

- زیادہ سے زیادہ منظور شدہ سائز سے بڑا نہ ہو، مخصوص capitalisation یعنی بڑے اور چھوٹے حروف میں ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو

**نوٹ:**

پیکجنگ پر مندرجہ ذیل کو دکھانے کے لئے چپکنے والے لیبل استعمال کئے جاسکتے ہیں:

- برانڈ اور ان کی اقسام (Variant) کے نام
- صحت کے تصویری انتباہ

چپکنے والے لیبلوں کی ضروری شرائط کی تفصیلات کے لئے صفحہ 21 دیکھیں۔

ہاتھ سے لکھے گئے لیبلوں کی اجازت **نہیں** ہے۔



یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

## شیشے\حقے کے تمباکو کا ٹن (بڑا سلنڈر) – سامنے سے

*مندرجہ ذیل تصویر شیشے\حقے کے لئے تمباکو کی مصنوعات کی سادہ پیکجنگ کی ایک صورت دکھا رہی ہے۔ تاہم، شیشے\حقے کے لئے تمباکو کی مصنوعات کی پیکجنگ کے لئے دوسری صورتیں بھی ہوسکتی ہیں، جیسے کہ بیگ، بڑے ڈبے، ٹب اور مربعی یا بیضوی شکل کے ٹن۔*

**ٹن کی ساخت:**

- بڑے سلنڈر کی اونچائی کم از کم 41 ملی میٹر ہو
- چھوٹے سلنڈر (جس کی اونچائی 41 ملی میٹر سے کم ہو) کی مثال اور سلنڈروں کے مختلف سائزوں کے لئے درکار صحت کے انتباہ کے معیار کے لئے صفحہ 7 دیکھیں۔

**ٹن کی سطحیں:**

- باہر کی سطح کا رنگ پینٹون (Pantone) 448C ہو (مٹیالا گہرا بھورا)
- اندر کی سطح سفید یا پیکجنگ کے مواد کے قدرتی رنگ کی ہو
- غیر چمکدار\مدہم ہو
- کوئ سجاوٹیں نہ ہوں




**تنبیہی بیان اور تصویر:**

- سامنے کی سطح کے کم از کم 75٪ حصے پر ہوں (جو کہ ایسی خم دار سطح ہے جو سلنڈر پر سب سے بڑے برانڈ کے نام کی دونوں جانب گھیر کے 1/6 حصے پر مشتمل ہوتی ہے)
- آپس میں جڑے ہوئے ہوں اور ان کے درمیان کوئی خلاء نہ ہو
- Helvetica رسم الخط میں ہوں
- سٹینڈرڈ کے مطابق گردش میں ہو – صفحہ 22 دیکھیں

**دیگر نشانات:**

- تیار کنندہ کا نام، پتہ، جس ملک میں تیار کیا گیا، رابطہ کرنے کا فون نمبر، حروف اور ہندسوں پر مشتمل کوڈ (alphanumeric)
- Lucida Sans رسم الخط میں ہوں
- سائز میں 10 پوائنٹس سے بڑے نہ ہوں
- مخصوص رنگوں میں ہوں
- صرف ایک دفعہ لکھا ہو

**معلوماتی پیغام:**
**(اس تصویر میں نہیں دکھایا گیا)**

- ایک معلوماتی پیغام ہونا چاہئے جو کہ سلنڈر کی بنیاد کے کم از کم 50٪ حصے پر ہو

**بارکوڈ:**

- مستطیل ہو
- کالا اور سفید ہو، یا پینٹون 448C اور سفید ہو
- صرف ایک دفعہ چھپا ہو

**برانڈ اور قسم (VARIANT) کا نام:**

- زیادہ سے زیادہ منظور شدہ سائز سے بڑا نہ ہو، مخصوص capitalistaion یعنی بڑے اور چھوٹے حروف پر مشتمل ہو
- Lucida Sans رسم الخط میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- سامنے اور پیچھے کی بیرونی سطحوں پر ایک ہی سمت میں صرف ایک ہی دفعہ لکھا ہو، اور صحت کی تنبیہات سے اوپر نہ ہو۔

**پیمائش کا نشان:**

- مطلوبہ سائز سے بڑا نہ ہو
- Lucida Sans فونٹ میں ہو
- پینٹون نیلگوں سرمئی (Pantone Cool Gray 2C) رنگ میں ہو
- دو سے زیادہ سطحوں پر نہ ہو

**نوٹ:**

پیکجنگ پر مندرجہ ذیل کو دکھانے کے لئے چپکنے والے لیبل استعمال کئے جاسکتے ہیں:

- برانڈ اور ان کی اقسام (Variant) کے نام
- صحت کے تصویری انتباہ

چپکنے والے لیبلوں کی ضروری شرائط کی تفصیلات کے لئے صفحہ 21 دیکھیں۔

ہاتھ سے لکھے گئے لیبلوں کی اجازت **نہیں** ہے۔

**نوٹ:**

خوردہ فروشی کی پیکجنگ کی **تمام تہیں** سادہ ہونی **چاہئیں** اور ان پر صحت کی تنبیہات درج ہونی چاہئیں۔

- خوردہ فروشی کی پیکجنگ **خصوصی طور پر** بنائی جانی چاہئے تاکہ سادہ پیکجنگ کی شرائط پر پورا اتر سکے۔
- اگر تمباکو کی مصنوعات شرائط پر پورا اترنے والی پیکجنگ میں پہلے سے ہی پیک نہ ہوں تو ان کو نکال کر ایسی پیکجنگ میں پیک کیا جانا **ہوگا** جو شرائط پر پورا اترتی ہو۔

**بڑے سلنڈر کے پیچھے صحت کا انتباہ:**

- سلنڈراٹن کے سامنے لکھے صحت کے انتباہ جیسا ہی **ہو**
- پچھلی سطح کے کم از کم 75٪ حصے پر ہو (جو کہ ایسی خم دار سطح ہے جو سامنے کی سطح کے مخالف جانب عمودی درمیانی لکیر کی دونوں جانب گھیر کے 1/6 حصے پر مشتمل ہوتی ہے)

- مندرجہ ذیل خاکے کو استعمال کرتے ہوئے اس میں تنبیہی بیان، تصویر اور وضاحتی پیغام شامل ہونا چاہئے




یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

# اہم نوٹس (NOTES)

## شیشے\حقے کے تمباکو کی مصنوعات کی پیکجنگ

شیشے\حقے کی مصنوعات جن میں تمباکو کی **کوئی سی بھی** مقدار ہو ان کو بیچنے کے لئے رکھنے، بیچنے یا کسی اور طرح سے سپلائی کرنے کے لئے **ان کا سادہ پیکجنگ میں پیک ہونا ضروری ہے** اور ان پر صحت کی تنبیہات بھی ہونی چاہئیں۔

شیشے\حقے کی مصنوعات جن میں تمباکو کی **کوئی سی بھی** مقدار شامل ہو اور جو شرائط پر پورا اترنے والی پیکجنگ میں پیک نہ ہوں تو ان کو آسٹریلیا میں بیچنے کے لئے رکھنے، بیچنے یا کسی اور طرح سے سپلائی کرنے (بذریعہ ہول سیل یا خوردہ فروشی) سے پہلے ایسی خوردہ پیکجنگ میں پیک کیا جانا ہوگا جو شرائط پر پورا اترتی ہو۔ خوردہ فروشی کی پیکجنگ **خصوصی طور پر** سادہ پیکجنگ کی شرائط پر پورا اترنے کے لئے بنائی جانی چاہئے۔ اگر تمباکو کی مصنوعات شرائط پر پورا اترنے والی پیکجنگ میں پہلے سے ہی پیک نہ ہوں تو ان کو نکال کر ایسی پیکجنگ میں پیک کیا جانا ہوگا جو شرائط پر پورا اترتی ہو۔

تمباکو کی مصنوعات کی خوردہ فروشی کی پیکجنگ کی **تمام تہیں سادہ ہونی چاہئیں** اور ان پر صحت کی تنبیہات درج ہونی چاہئیں۔

شرائط پر پورا اترنے والی فوائل پیکجنگ کو کسی دوسرے شرائط پر پورا اترنے والے کنٹینر، جیسے کہ ایک ڈبہ، بیگ، ٹن یا ٹب میں رکھا جاسکتا ہے۔ صحت کی ایک تنبیہہ (سٹینڈرڈ کے مطابق) فوائل پیکج اور اس کنٹینر دونوں پر ہونی **چاہئے** جس میں فوائل پیکج کو خوردہ فروشی کی غرض سے رکھا گیا ہے۔ سگار بیگ استعمال **نہیں کئے جاسکتے** کیوں کہ ان پر مطلوب صحت کی تنبیہیں سگاروں کے لئے مخصوص ہیں۔

شیشے\حقے کے تمباکو کی مصنوعات گاہک کو تمباکو نوشی کے آلے میں پہلے سے پیک کرکے فراہم **نہیں کی جاسکتیں.** سٹینڈرڈ کے مطابق خوردہ فروشی کے ذریعے فراہم کی جانے والی تمباکو کی تمام مصنوعات کا **اس وقت ریٹیل پیکجنگ میں ہونا ضروری ہے جب وہ خریدار کو فراہم کی جائیں،** تاکہ جس وقت خریدار وہ چیزیں لے اس وقت صحت کی تنبیہات ظاہر ہوں۔

## شیشے\حقے کے تمباکو کی مصنوعات کی دیگر پیکجنگ جو اس کتابچے میں نہیں دکھائی گئی

اس کتابچے میں دکھائی جانے والی تصویریں شیشے\حقے کے تمباکو کی مصنوعات کی پیکجنگ کی ممکنہ صورتیں دکھاتی ہیں۔

تاہم، شیشے\حقے کے تمباکو کی مصنوعات کی پیکجنگ کی دیگر صورتیں بھی ہوسکتی ہیں، جیسے کہ مختلف شکلوں اور سائزوں کے بیگ، بڑے ڈبے، ٹب اور ٹن۔

ان صورتوں کو استعمال کرنے کی اجازت ہے جب تک کہ یہ ایکٹ، ریگولیشنز اور سٹینڈرڈ کی شرائط پر پورا اترتی ہیں۔

پیکجنگ کی قسم اور اس کے سائز کی بنیاد پر صحت کی تنبیہات کی شرائط اور خاکے مختلف طرح کے ہوسکتے ہیں۔ یہ یقینی بنانے کے لئے کہ صحت کی تنبیہات شرائط پر پورا اترتی ہیں، آپ کو سٹینڈرڈ کا حوالہ دیکھنا چاہئے۔

یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

## سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دوسری مصنوعات کی ریٹیل پیکجنگ پر چپکنے والے لیبلوں کا استعمال

ایکٹ کے مطابق پیکجنگ پر کسی طرح کی چیزیں لگانے یا انہیں پیکجنگ کے اندر ڈالنے کی ممانعت ہے، جب تک کہ اس کی اجازت خاص طور پر ریگولیشنز میں نہ دی گئ ہو۔ ریگولیشنز محدود صورتوں میں سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دوسری مصنوعات کی خوردہ پیکجنگ پر چپکنے والے لیبل استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں:

1. سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دوسری مصنوعات کی خوردہ پیکجنگ پر برانڈ، بزنس، کمپنی اور قسم (variant) کے نام (نام) (ریگولیشنز 2.4.2، 2.4.3 اور 2.4.4)؛ اور
2. صحت کی تصویری تنبیہات کی شرائط (ریگولیشن 2.6.1 اور اسٹینڈرڈ کی مناسبت سے)۔

ان صورتوں میں چپکنے والے لیبلوں کے استعمال سے آسٹریلیا میں بکنے والی سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دوسری مصنوعات کے مینوفیکچرر\اسپلائرز ایسی پیکجنگ استعمال کرسکتے ہیں جو شرائط پر پورا نہیں اترتی اور وہ اس پیکجنگ پر چپکنے والے لیبل کی مدد سے برانڈ اور قسم (variant) کی تفصیلات اور صحت کی تصویری تنبیہ لگا سکتے ہیں۔

چپکنے والا لیبل مضبوطی سے پیکجنگ پر لگا ہونا **چاہئے** اور یہ آسانی سے اتارا نہ جاسکتا ہو۔ ایسے لیبل کو آسانی سے اترنے والا لیبل سمجھا جاتا ہے جو پیکجنگ کے استعمال کے دورانئے میں چپکا **نہ** رہے یا جسے پیکجنگ یا لیبل کو نقصان پہنچائے بغیر اتارا جاسکے۔

### 1. برانڈ، بزنس، کمپنی اور قسم (VARIANT) کے نام

سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دوسری مصنوعات پر نام ظاہر کرنے کے لئے چپکنے والے لیبل کے استعمال پر ریگولیشنز کچھ مخصوص شرائط عائد کرتی ہیں، جن میں یہ بھی شامل ہیں

- لیبل کی شرائط (ریگولیشن 2.4.2):
  - پینٹون 448C (مٹیالے گہرے بھورے) رنگ میں ہو،
  - ضرورت کی مناسبت سے زیادہ بڑا نہ ہو، اور
  - ناموں کی مخصوص اشکال کے حروف اور سائز کی شرائط *(نوٹ کرلیں کہ ہاتھ سے لکھے گئے لیبل استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے)*؛
- سگار ٹیوبوں پر اجازت شدہ جگہ اور سمت میں نام (ریگولیشن 2.4.3)؛ اور
- دیگر سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دوسری مصنوعات کی خوردہ پیکجنگ پر اجازت شدہ جگہ اور سمت میں نام (ریگولیشن 2.4.4)۔

چپکنے والے لیبل کسی صورت میں کسی قانونی شرط کو نہ چھپائیں۔

**نوٹ:**

ریگولیشن 2.3.5 اس بات کی اجازت دیتی ہے کہ چپکنے والے لیبل پر بار کوڈ پرنٹ کرکے اسے ریپر یا غلاف پر مضبوطی سے چپکا دیا جائے تاکہ یہ آسانی سے نہ اتارا جاسکے۔ یہ لیبل پرائمری پیکجنگ کے ایک سے زیادہ آئٹموں کو کوّر کرسکتا ہے (اس کا اطلاق سگریٹوں اور سگریٹوں کے علاوہ دوسری مصنوعات دونوں پر ہوتا ہے)۔



یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

### 2. صحت کی تصویری تنبیہہ کی شرائط

دی کمپیٹشن اینڈ کنزیومر (تمباکو) انفارمیشن اسٹینڈرڈ 2011 (دی اسٹینڈرڈ) اس بات کی مانگ کرتا ہے کہ تمباکو کی تمام مصنوعات کی خوردہ پیکجنگ پر صحت کی تنبیہات درج ہوں۔ اسٹینڈرڈ اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ صحت کی تنبیہات ایک چپکنے والے لیبل پر پرنٹ شدہ ہوں اور سگریٹوں کے علاوہ تمباکو کی دوسری مصنوعات کی خوردہ پیکجنگ پر چپکی ہوئی ہوں۔

یہ مینوفیکچررز\سپلائرز کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ صحت کی تنبیہات ظاہر کرنے کے لئے چپکنے والے لیبل کا استعمال شرائط کے مطابق ہے۔

## صحت کی تنبیہات کی گردش

تمباکو کی مصنوعات پر صحت کی تنبیہات کا گردش کرنا لازمی ہے تاکہ تمباکو نوشی کے صحت پر ہونے والے اثرات کے بارے میں صارفین کے علم اور آگاہی کو بہتر بنایا جاسکے۔

جیسا کہ سٹینڈرڈ میں واضح کیا گیا ہے تمباکو نوشی کی تمام مصنوعات (سگاروں اور بیڑیوں کے علاوہ) کی تمام اقسام کی خوردہ پیکجنگ پر صحت کی تنبیہات کو ہر 12 ماہ کے دوران سات سات تنبیہات کے سیٹوں میں گردش کرنا چاہئے۔ اس میں کھلا تمباکو (خود رول کیا جانے والا تمباکو اور پائپ تمباکو) اور شیشے\حقے کا تمباکو بھی شامل ہے۔

مزید براں، صحت کی تمام تنبیہات کو، تمباکو کی مصنوعات کی قسم سے قطع نظر، اس طرح سے گردش میں دکھایا جانا چاہئے کہ ہر تنبیہہ، جتنا ممکن ہوسکے، تمباکو کی ہر طرح کی مصنوعات پر برابر تعداد میں دکھائی جائے۔ اگر تمباکو کی مصنوعات کو مختلف برانڈوں اور قسموں (variant) کے ناموں کے تحت بیچا جائے تو ان مصنوعات کو مختلف اقسام کی مصنوعات سمجھا جاتا ہے۔

صحت کی تنبیہات کی گردش کی ذمہ داری درآمد کنندگان اور مینوفیکچررز پر عائد ہوتی ہے۔ تاہم سٹینڈرڈ کے سب سیکشن 1.3(1) کے تحت مینوفیکچرر کی تعریف یہ ہے ' وہ شخص جو تمباکو کی مصنوعات کو خوردہ پیکجنگ میں ڈالتا ہے۔'

چنانچہ سٹینڈرڈ کے تحت کوئی خوردہ فروش\شخص صحت کی تنبیہات کی گردش کا ذمہ دار ہے، اگر وہ:

- ایک سگار کو خوردہ پیکجنگ میں ڈالتا ہے؛ یا
- تمباکو کی کسی بھی طرح کی مصنوعات کو خوردہ پیکجنگ میں اس غرض سے ڈالتا ہے کہ وہ سادہ پیکجنگ اور\یا صحت کی تنبیہات کی شرائط پر پورا اتر سکے۔

صحت کی تنبیہات کی گردش کے حوالے سے مزید معلومات اس ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں:
www.productsafety.gov.au

یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ ساده پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

# مزید معلومات

تمباکو کی سادہ پیکجنگ کے بارے میں مزید معلومات اس ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:
www.health.gov.au/tobaccopp

صحت کی تنبیہات کی شرائط کے بارے میں معلومات اس ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:
www.productsafety.gov.au- سپلائرز کے لئے صحت کی تنبیہات کی شرائط کی گائیڈ، *The Supplier Guide Product Safety: Tobacco product health warnings*، اس ویب سائٹ پر دستیاب ہے:
http://www.productsafety.gov.au/content/index.phtml/itemId/995029

پیمائش کے نشانات کے بارے میں مزید معلومات اس ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:
http://www.measurement.gov.au/TradeMeasurement/Business/Pages/Pre-packagedGoods.aspx.

اگر آپ تمباکو کی سادہ پیکجنگ یا صحت کی تنبیہات کے بارے میں اپنی ذمہ داریوں کے بارے میں شش وپنج کا شکار ہیں یا آپ کو شرائط سمجھنے میں مشکلات کا سامنا ہے تو آپ کو اپنی آزادانہ مشاورت حاصل کرنا چاہئے۔

**نوٹ: یہ صرف رہنمائی کے لئے ہے۔ اس میں تمباکو کی سادہ پیکجنگ یا صحت کی تصویری تنبیہات کی تمام شرائط کا ذکر نہیں ہے۔**

**تمباکو کی سادہ پیکجنگ اور صحت کی تصویری تنبیہات کی مکمل شرائط کے لئے آپ کو قانون کا مسوّدہ دیکھنا چاہئے۔**

**قوانین کے لنک صفحہ 3 پر دیئے گئے ہیں۔**

یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔

10732 SEP 2014

**www.health.gov.au/tobaccopp**

یہ دستاویز صرف رہنمائی کے طور پر استعمال کی جانی چاہئے اور اس پر قانونی مشاورت کے مآخذ کے طور پر
بھروسہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ یہ سادہ پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات کا مکمل خلاصہ نہیں ہے۔ سادہ
پیکجنگ اور صحت کے انتباہ کی ضروریات پر عمل درآمد کرنے کے لئے آپ کو اپنے طور پر خود اپنی پیشہ ورانہ
اور قانونی مشاورت حاصل کرنی چاہئے۔ اس دستاویز میں شامل تمام معلومات ستمبر 2014 تک درست ہیں۔